ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (256)

05-05-2023

**بہاولپور(      )ڈی پی او سید محمد عباس کی موثر حکمت عملی، پولیس کی ماہ اپریل 2023 کی کارکردگی رپورٹ جاری۔388 مجرمان اشتہاری و 64عدالتی مفروران سمیت 452ملزمان گرفتار، جن سے 04 کروڑ 47لاکھ 36ہزار روپے سے زائد کا مال مسروقہ ونقدی برآمد ہوا۔شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں، پولیس ہرصورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی جرائم کنٹرول کرنے کی حکمت عملی کے اثرات عیاں ہیں۔بہاول پور پولیس نے ماہ اپریل 2023 میں 1420 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے،جن میں سے 07 مقدمات جھوٹے ہونے کی بنا پر خارج ہو چکے ہیں،جن سے نئے اور پرانے مقدمات ٹریس آؤٹ اور ناجائز اسلحہ برآمد کرنے کے علاوہ 4 کروڑ 47لاکھ 36ہزار روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ ونقدی برآمد ہوا۔ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 83 مقدمات درج اور 83ملزمان کو گرفتار کرکےان کے قبضہ سے 02عدد رائفل، 05ریپٹر، 04بندوق، 67پسٹل، 03ریوالور اور 240 روند برآمد ہوئے۔منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے بہاول پور پولیس نے 126 مقدمات درج کرکے ان میں ملوث 127 ملزمان کو گرفتار کرکےان کے قبضہ سے 47 کلو 615 گرام چرس، 3823لیٹر شراب، 1143لیٹر لہن اور 19 چالو بھٹیاں شراب قبضہ پولیس میں لی گئیں ۔قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 15 مقدمات درج کرکے 40 جواریوں کو گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم اور جوئے کا سامان برآمد کیا۔نیشنل ایکشن پلان پرعمل درآمد کرتے ہوئے عارضی رہائش کے 01،بجلی چوری کے 16،گیس ریفلنگ کے 04ملزمان کو گرفتار کرکے پیش عدالت کیا جا چکا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ماہ اپریل 2023 کی کارگزاری کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا پولیس سے تعاون/اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی واقع ہوسکتی ہے۔شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں، پولیس ہرصورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی موثر حکمت عملی، ماہ اپریل میں مختلف تھانہ جات کی کاروائیوں کے دوران گرفتار ملزمان

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (257)

مورخہ 05/05/2023

**بھاولپور ( ) تھانہ صدر بہاول پور پولیس کا ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاون، تعلیمی اداروں میں منشیات سپلائی کرنے والا ملزم 02 ملین سے زائد مالیت کی ہیروئن سمیت گرفتار۔ درس گاہیں انسان تعلیم اور شعور دیتی ہیں ان جگھوں پر نسلیں بگاڑنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بھاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ صدر بہاول پور نے ٹیم تشکیل دے کر منشیات فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن کیا۔ تھانہ صدر بہاول پور پولیس ٹیم نے مخبر کی اطلاع پر جھانگی والا روڈ پر ناکہ بندی کے دوران بدنام زمانہ منشیات فروش حمید اختر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 02 ملین سے زائد مالیت کی 3000 گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے ایس ایچ او تھانہ صدر بہاولپور اور ٹیم کو شاندار کارکردگی پر شاباش دی۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تا کہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ منشیات جیسا زہر نوجوان نسل کی تباہی کا سبب ہے جو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: تعلیمی اداروں میں منشیات فروخت کرنے والا منشیات فروش ہیروئن سمیت تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی گرفت میں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(258)

05.05.2023

**بہاولپور(            )تھانہ اوچشریف کے علاقہ میں پولیس مقابلہ،ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک پولیس مصروف کارروائی۔ہلاک ڈاکو قتل،راہزنی وڈکیتی کے درجنوں مقدمات میں مطلوب تھا۔عوام کے جان ومال کا تحفظ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

بہاولپور(            )تفصیل کے مطابق تھانہ اوچشریف پولیس کو علی الصبح اطلاع ملی کہ 5/6 کس ڈاکو سڑک پر لکڑیاں رکھ کرناکہ لگا کرلوگوں کو لوٹ رہے ہیں۔جس پر پولیس فوری ریسپانس کرتے ہوئے موقع کی طرف روانہ ہوئی تو نندے لعل چوک کے قریب جلال پور روڈ پر نزد چائنہ پل ڈاکوں سے آمنا سامنا ہوگیا اور ڈاکوں نے پولیس پر سیدھے جان لیوا فائر کیے،جو کہ سرکاری گاڑی کو بھی لگے۔تھانہ اوچشریف پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت رکاوٹ کا سہارا لیتے ہوئے دو چار جوابی فائر کیے۔اس دوران دیکھا کہ ایک ڈاکو جو سامنے کھڑا ہے اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آ گیا۔فائرنگ رکنے کے بعد دیکھا تو ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوگیا تھا۔بقیہ نامعلوم ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے اور اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے جن کی گرفتاری کیلئے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر مختلف مقامات پر ریڈ کیے جا رہے ہیں۔ہلاک ڈاکو کی شناخت اس کے شناختی کارڈ سے محمد ساجد ولد عبد المجید کے نام سے ہوئی۔جس کا تعلق کچی شکرانی،اوچشریف سے ہے۔ہلاک ڈاکو درجنوں قتل،ڈکیتی وراہزنی جیسی سنگین وارداتوں میں پولیس کو مطلوب تھا۔ملزم سے ایک پسٹل 30 بور بھی موقع پر برآمد ہوا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ وقوعہ کی مزید تفتیش وتحقیقات جاری ہیں۔عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کہا کہ اوچشریف پولیس بہادری وجوانمردی سے مقابلہ کرنے پر شاباش کی مستحق ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:تھانہ اوچشریف کے علاقہ میں پولیس مقابلہ،اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ڈاکو ہلاک